Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ شوال سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۶ مئی سنہ ۱۹۲۴ء	نمبر ۲۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	صفحہ نمبر
۱	اختیارات اجرائے ڈگری وغیرہ منیجر دکان خزانہ	۱ و ۲
۲	تبادلہ تحصیلدار صاحب ملک و بخشی صاحب فوج۔	"
۳	معطلی حامد حسین وکیل	۲ و ۳
۴	رخصت محمد حسین سید محرر	۳
۵	رخصت منیجر صاحب روشنی برقی	"
۶	تبادلہ و تقرر نائب تحصیلدار سیوار و تحصیل ملک	"
۷	عطائے اختیارات تحصیلدار صاحب ملک	"
۸	بابت اندراج رقوم متعلق امانات	"
۹	عطائے اختیارات سید مہدی حسن صاحب تحصیلدار ملک	"
۱۰	رخصت تحویلدار موتی خانہ	"
۱۱	اعلان کتب جدید التعمیر سرکاری	"
۱۲	تفصیلات جات روئداد اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

رپورٹ صاحب فائنل سکریٹری بہادر مفصل ہے۔ بغرض سہیل مطالبہ سرکار مناسب معلوم ہوتا ہے کہ منیجر مقرر کردہ سرکار کو اختیارات اجرائے ڈگریات و دائر نالشات و وصول ڈگریات و پیروی مقدمات و دیگر امور عدالتی جس سے مطالبہ خزانچیان کا وصول ہوتا رہے۔ قائم مقامی خزانچیان دیئے جاویں۔ ترمیمات احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بذریعہ عرض — میر ساند

جناب عالی

گزارش ہے کہ رپورٹ منیجر دکان خزانہ سے معلوم ہوا کہ ڈگریات و دستاویزات وغیرہ دکان خزانہ کے ذمہ مدیونان کی عدالت دیوانی وغیرہ سے بحق خزانچیان ہو چکی ہیں بعض زیر اجرا ہیں اور بعض زیر تجویز ہیں اور بعض کے دائر کرنے کی ضرورت ہے اور وصول رقوم عدالت سے بھی ضروری ہے جسکے لئے منیجر مقرر کردہ سرکار کو بموجب منشاء روبکار ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۴ء اختیار قائم مقامی مثل خزانچیان دیا گیا ہے اسکی اطلاع عدالتہا کو نہیں ہوا اور پیروی وغیرہ مقدمات میں بھی دقت پیش ہے اس لئے گزارش ہے کہ حکم عالی اس صراحت سے صادر فرما دیا جائے منیجر کو قائم مقامی خزانچیان اختیار وصول ڈگریات و دائران و اجرائے ڈگریات و پیروی مقدمات مستدائرہ و دیگر پیروی عدالتی ہر قسم مثل خزانچیان حاصل ہے منیجر کو زیر نگرانی فنانس منسٹر پیروی کا اختیار دیا گیا ہے کہ وہ جائداد غیر منقولہ کے خرید و فروخت کی کارروائی بھی مثل اصل خزانچیان کے کر سکتا ہے۔ اور احکام درج گزٹ فرمائے جائیں اور عدالتہا کو بھی حکم عالی سے مطلع فرما دیا جائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاہ

[illegible]

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

منشی سید ناظر الحسن بلگرامی کا تبادلہ تنخواہ موجودہ پر بخشیگری میں کیا جائے اور مولوی سید مہدی حسن تحصیلداری ملک پر بھیجے جائیں۔ انکی تنخواہ میں پچاس روپیہ اضافہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں حضور معلےٰ دام اقبالہم وملکہم۔ رخصت رعایتی یکماہہ سید ظہیر حسین ہیڈ کلرک دفتر انگریزی کی ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۴ء سے بذمہ داری محمود حسن خان اسسٹنٹ کلرک منظور کی گئی۔

۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

انجینیر صاحب روشنی برقی کی رخصت دس یوم ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور کی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر

تبادلہ

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رائے صاحب مہتمم بندوبست۔ محمد جان خان گرداور تحصیل بلاسپور کا تبادلہ بلاسپور سے تحصیل ملک کو اور منظور حسین خان گرداور تحصیل ملک کا تبادلہ تحصیل بلاسپور کو اپنی اپنی تنخواہ پر کیا گیا

اختیارات

۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور معلےٰ دام اقبالہم وملکہم۔ مولوی سید مہدی حسن صاحب تحصیلدار ملک کو علاقہ قدیم میں اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم اور علاقہ جدید میں اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ اول دیے گئے

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

آج بحاضری قاضی نذر حسین و عابد حسین وکلا و منشی احمد حسن اہلمد دیوانی بیکا فائل مشتبہ بر مسل مفتی صاحب دیوانی پیش ہوئی۔ قاضی نذر حسین وکیل کہتے ہیں کہ میرا منشا طرز گفتگو کرنیکا نہیں تھا بہر حال مفتی صاحب دیوانی نے دوسری

یاد داشت معافی قصور وکیل مذکور میں بھیجی ہے۔ لہذا درگزر کیجاتی ہے اور آیندہ اُنکو تنبیہ کیا جاتا ہے کہ وہ اپنا طرز عمل ٹھیک رکھیں اور کوئی شکایت ہمارے پاس نہ آئے۔

منشی احمد حسن اہلمد دیوانی کی زبانی بہت سے حالات عابد حسین وکیل کے ظاہر ہوئے کہ وہ اندرون و بیرون عدالت نازیبا تذکرہ اور مفتی صاحب دیوانی کی توہین کرتا ہے اور ایک مقدمہ میں جو مفتی صاحب دیوانی کی عدالت میں تھا اُسنے کچھ پاس ادب نہیں کیا۔ اور بیہودہ الفاظ کہے جسکی تصدیق قاضی نذر حسین وکیل سے بھی ہوئی و نیز اہلمد مذکور کے ظاہر کرنے پر دیبی دیال و بابو پرشاد وکلا بلائے گئے اور منشی فضل علی خان پیشکار بھی حاضر ہوئے اُنکی زبانی بھی معلوم ہوا کہ عابد حسین وکیل مفتی صاحب دیوانی کی نسبت اہانت آمیز تذکرہ کرتا ہے جس سے اطمینان ہو گیا کہ عابد حسین وکیل کا رویہ ٹھیک نہیں ہے اور کوئی پاس ادب اُسکو نہیں ہے اور مفتی صاحب دیوانی کی توہین کرتا ہے ضرورت ہے کہ اسکا انسداد کیا جائے۔ بنابران سید عابد حسین وکیل تین مہینے کے لئے پیشۂ وکالت سے معطل کیا جائے اور اُسکو مطلع کیا جائے کہ جن مقدمات میں وہ وکیل ہوں اُنکی نسبت اپنے موکلوں کا اطمینان بذریعہ پیروی مقدمات کرا دیں اور کوئی شکایت اُنکی نہ آئے اور بعد ختم مدت ایام معطلی میں بھی عابد حسین مذکور مفتی صاحب دیوانی کی عدالت میں کسی مقدمہ میں بھی پیروی کے لئے تا حکم ثانی نہیں جا سکیں گے۔ لہذا حکم ہے کہ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر وکلا مذکور کی اطلاع یابی کرا لیں۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۸ مئی ۱۹۲۳ء

نظارت کے کام کی جانچ و نگرانی کی نسبت وقتاً فوقتاً احکامات جاری ہو چکے ہیں اور نقشہ ماہوار فوطات وضع شدہ کا جو دوسرے صیغہ سے آتے ہیں اور بھیجے جاتے ہیں پیش ہوا کرتا ہے لیکن حسابات کے بھی معلوم کرنیکی ضرورت ہے کہ جس صیغہ جات سے جو رقوم ماہواری وضع ہو کر آتی ہیں اور اگر کسی وجہ سے کسی صیغہ میں وضعات کی رقم اُس عدالت میں نہ آئے تو اس کی بھی اطلاع عدالت متعلق سے آنا چاہیے تاکہ صیغہ متعلق سے وجہ عدم روانگی رقم مذکور دریافت ہو سکے لہذا جن عدالتوں میں کہ رقم اقساط وضع ہو کر کسی دوسرے صیغہ سے آتی ہے اُن کو چاہیے کہ بعد انتظار ہر مہینہ کی پندرہ تاریخ تک جو رقم جس صیغہ سے آنے والی ہو اور وہ نہ آئے تو اُس کے بارہ میں فوراً رپورٹ حسب ضابطہ اجلاس میں بھیجا کریں پیشکاران عدالت یہی اور مفصلات میں حکام عدالت اس کی نگرانی رکھیں کہ جس تاریخ کوئی رقم عدالت میں آئے اُس کا اندراج فوراً بلا توقف رجسٹران نظارت میں حسب ضابطہ ہو جایا کرے بنابران

حکم ہے کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی عدالت ہائے جج و فوجداری ضلع و دیوانی و خفیفہ و جملہ تحصیلات میں بنا بر تعمیل و پابندی مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط) جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اختیارات

۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

مولوی سید مہدی حسین صاحب تحصیلدار ملک کو اختیارات صیغہ رجسٹری کے اور صیغہ فوجداری میں مجسٹریٹ درجہ دویم کے اور صیغہ دیوانی میں بہ منصب منصفی درجہ اول کے دیے گئے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر افسر صاحب مودی خانہ مصدقہ صاحب کنٹرولر آف ہاؤسس۔ چندا بن تحویلدار مودی خانہ کی تنخواہ موجودہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔ اور اس کا عہدہ بجائے تحویلدار کے نائب انصرم کے نام سے موسوم ہوگا۔ لیکن تحویلداری کا کام بدستور موصوف الیہ سے بذمہ داری متعلق رہے گا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اوٹھائیے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑھیے۔ اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؍ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اس مین خداوند عالم کے وجود اوس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ ہے۔

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ملحقات مین ہے۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت ۱۰؍ علاوہ محصول ڈاک ہے۔

جسقدر نسخے مطلوب ہون۔ درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا